بھارت - الجزائر کے درمیان 7ویں دور کا دفتر خارجہ مشاورت

31 مارچ، 2026

بھارت اور الجزائر کے درمیان 29 مارچ، 2026 کو الجزائر میں منعقدہ 7ویں دور کے دفتر خارجہ مشاورت کی مشترکہ صدارت ڈاکٹر نینا ملہوترا، سکریٹری (جنوب)، وزارتِ خارجہ بھارت، اور الجزائر کے وزارتِ خارجہ، بیرونِ ملک قومی برادری اور افریقی امور کے سکریٹری جنرل مسٹر لونیس مگریمانے نے کی۔

2. انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان جاری تعاون پر طمانیت کا اظہار کیا، اعلیٰ سطحی رابطوں کو جاری رکھنے کی اہمیت پر زور دیا، اور اس شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لئے باہمی تعاون کے نئے راستے تلاش کرنے پر اتفاق کیا۔ انہوں نے بھارت کی معزز صدرِ جمہوریہ کے اکتوبر 2024 میں الجزائر کے اولین اور تاریخی سرکاری دورے سے حاصل ہونے والی تحریک کو اہمیت کا حامل قرار دیا۔ دونوں فریقوں نے سیاسی، تجارتی و سرمایہ کاری، استعدادِ کار کی تعمیر، سیاحت، ثقافتی تعاون اور عوامی روابط سمیت جنوبی-جنوبی تعاون کے جذبے کے تحت دوطرفہ تعلقات کا جامع جائزہ لیا۔ انسانی وسائل کی ترقی کو اس شراکت داری کا ایک اہم ستون قرار دیا گیا۔

3. دونوں فریقوں نے دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی تعاون کو مضبوط بنانے پر اتفاق کیا اور اس سلسلے میں الجزائر نے بھارتی پارلیمنٹ میں بھارت-الجزائر پارلیمانی دوستی گروپ کے قیام کا خیرمقدم کیا۔ ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہوئے دونوں فریقوں نے اس خطرے کے خلاف مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا۔ بھارت نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد آل پارٹی پالیمانی وفد کے دورے پر دئے گئے شاندار استقبالیہ کی ستائش کی۔

4. انہوں نے بھارت اور الجزائر کے درمیان مسلسل بڑھتے ہوئے تجارتی اور سرمایہ کاری کے تعلقات پر خوشی کا اظہار کیا۔ موجودہ دوطرفہ تجارت جو 1.7 ارب امریکی ڈالر ہے، کو مدنظر رکھتے ہوئے انہوں نے نمایاں توسیع کے وسیع امکانات پر زور دیا۔ اس سلسلے میں انہوں نے دوا سازی، اعلیٰ تعلیم، توانائی، کانکنی، کھاد اور زراعت کو تعاون کے ممکنہ شعبوں کے طور پر شناخت کیا۔

5. دونوں فریقوں نے باہمی دلچسپی کے اہم علاقائی اور عالمی امور پر خیالات کا تبادلہ کیا۔ انہوں نے اقوامِ متحدہ اور دیگر کثیرالطرفہ فورمز پر قریبی تعاون جاری رکھنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

6. یہ مشاورت خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں منعقد ہوئی، جو دونوں ممالک کے درمیان قریبی تعلقات کی عکاسی کرتی ہے۔ یہ مذاکرات دونوں فریقوں کو موقع فراہم کرتے ہیں کہ وہ دوطرفہ تعلقات کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیں اور مختلف شعبوں میں باہمی مفید تعلقات کو مزید وسعت دینے اور وسیع کرنے کے طریقوں پر غور کریں۔ دونوں فریقوں نے باہمی طور پر موزوں تاریخ پر بھارت میں دفتر خارجہ مشاورت کے اگلے دور کے انعقاد پر اتفاق کیا۔

7. الجزائر کے دورے کے دوران، سکریٹری (جنوب) نے الجزائر کے وزیر برائے ہائیڈروکاربنز اور مائنز، مسٹر محمد ارکاب سے ملاقات کی اور ہائیڈروکاربن، فاسفیٹ، کانکنی اور ارضیات کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے اور بھارت کے توانائی

ذرائع کو متنوع بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا. انہوں نے قسنطینہ کے والی (گورنر) سے بھی ملاقات کی، جو الجزائر کا ایک شہر ہے اور دوا سازی کی صنعت، اعلیٰ تعلیم اور سیاحتی مقامات کے لیے مشہور ہے. ان تبادلوں میں ان شعبوں میں ممکنہ تعاون کے امکانات تلاش کرنا بھی شامل تھا.

الجزائر
31 مارچ، 2026